💫💫💫☀️☀️💫💫💫

سورة المسد

💫💫💫☀️☀️💫💫💫

آیت 1

تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ

✨✨✨✨✨✨✨✨

تَبَّتْ میں 📙📙

🕯️ حرف ت حروف شِدَّتُ میں سے ہے (حرف کی ادائیگی میں آواز اپنے مخرج پر ایسی قوت کے ساتھ ٹھہرتی ہے کہ آواز بند ہو جاتی ہے اور آواز میں ایک سختی ہوتی ہے) اس لیے پہلے آواز رکے گی(شِدة) اور پھر سانس جاری ہو گا (همس =حرف کی ادائیگی کے ساتھ منہ سے ہوا کا خارج ہونا)

🕯️ حرف بِّ کو شدت سے ادا کریں (اس پر تشدید ہے)

يَدَا میں 📙📙

🕯️ مد کو 4 حراکات کے برابر لمبا کریں

أَبِي میں 📙📙

🕯️ لفظ کے حصے بي کو دو حراکات کے برابر لمبا کریں (مد اصلی:یا ساکنہ سے پہلے زیر)

لَهَبٍ وَ میں 📙📙

🕯️ حرف ھ کو حلق کے آخری حصے سے ادا کریں

🕯️ حرف ب کی تنوین کو و سے ملاتے ہوئے غنہ کیجئے (ادغام مع غنہ)

تَبَّ میں 📙📙

🕯️ حرف بَّ کو شدت کے ساتھ ادا کیجیے اس پر تشدید ہے نیز حرف ب کو قلقلہ کے ساتھ پڑھیں گے کیونکہ یہاں ب ساکن ہو جائے گا (قلقلہ کا مطلب حرف کو ہلا کر اداکرنا)

آیت 2

مَا أَغْنَىٰ عَنْهُ مَالُهُ وَمَا كَسَبَ

✨✨✨✨✨✨✨

مَا میں 📙📙

مد کو 4 حراکات کے برابر لمبا کریں 🕯️

أَغْنَىٰ میں 📙📙

حرف غ کو موٹا/ پُر اور حلق کے اوپر کے حصے سے ادا کریں 🕯️

عَنْهُ میں 📙📙

حرف ع کو حلق کے درمیانی حصے سے ادا کریں 🕯️

نون ساکنہ(نْ) پر اظہار(نون کی آواز واضح کرنا) کیجئے کیونکہ اس کے بعد ہُ ہے 🕯️

مَالُهُ میں 📙📙

لفظ کے حصے مَا کو لمبا کیجیے (مداصلی) 🕯️

لُهُ میں ضمہ/پیش پڑھنے کے لئے ہونٹ مکمل گول کریں 🕯️

وَمَا كَسَبَ میں 📙📙

حرف ك کو باریک ادا کریں 🕯️

حرف س کو باریک اور سیٹی کے ساتھ ادا کریں 🕯️

حرف ب کو قلقلہ کے ساتھ پڑھیں گے کیونکہ یہاں ب ساکن ہو جائے گا (قلقلہ کا مطلب حرف کو ہلا کر اداکرنا) 🕯️

☀☀☀☀☀☀☀

💫💫💫💫💫💫💫

ربِّ یسِّر و لا تُعَسِّر و تمم بالخیر